# Bible Helps A to C

بائبل مدد کرتی ہے     اے سے سی

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

## Abuse

## بد سلوکی

Psalm 140.4  Rescue me, Lord, from evildoers; protect me from the violent,

زبور ۱۴۰ :۴    اے خُداوند مجھے شریر کے ہاتھ سے بچا۔ مجھے تُند خو آدمی سے محفوظ رکھ جن کا ارادہ ہے کہ میرے پاوَں اُکھاڑ دیں۔

Mark 11.25: And when you stand praying, if you hold anything against anyone, forgive them, so that your Father in heaven may forgive you your sins.

مرقس ۱۱ : ۲۵  "  اور جب کبھی تُم کھڑے ہوئے دُعا کرتے ہو۔اگر تُمہیں کسی سے کچھ شکایت ہو تو اُسے معاف کرو تاکہ تمہارا باپ بھی جو آسمان پر ہے تمہارے گناہ معاف کرے۔ "

Roman : 8:1-2  ‘‘"Therefore, there is now no condemnation for those who are in Christ Jesus, because through Christ Jesus the law of the Spirit who gives life has set you free from the law of sin and death"

رومیوں ۸ : ۱-۲ "پس اب جو مسیح یسوع میں ہیں ان پر سزا کا حُکم نہیں ۔کیونکہ زندگی کے رُوح کی شریعت نے مسیح یسوع  میں مجھے گناہ اور موت کی شریعت سے  آزاد کردیا ۔"

Psalm 147:3 “  He healeth the broken in heart, and bindeth up their wounds.’’

زبور ۱۴۷ ؛ ۳  ""  وہ شکستہ دلوں  کو شفا دیتا ہے اور اُن کے زخم باندھتا ہے۔""

Colossians :2 21. 22 and 23 (extracts) ds And, having made peace through the blood of his cross, by him to reconcile all things unto himself; by him,……. And you-----. yet now hath he reconciled in the body of his flesh through death, to present you holy and unblameable and unreproveable in his sight:

کلسیوں 2 : 21 _ 23  "  جب تُم مسِیح کے ساتھ دُنیَوی اِبتدائی باتوں کی طرف سے مَر گئے تو پھر اُن کی مانِند جو دُنیا میں زِندگی گُذارتے ہیں اِنسانی احکام اور تعلِیم کے مُوافِق اَیسے قاعِدوں کے کیوں پابند ہوتے ہو۔ کہ اِسے نہ چُھونا۔ اُسے نہ چکھنا۔ اُسے ہاتھ نہ لگاو۔ کیونکہ یہ سب چِیزیں کام میں لاتے لاتے فنا ہو جائیں گی)؟ اِن باتوں میں اپنی اِیجاد کی ہُوئی عِبادت اور خاکساری اور جِسمانی رِیاضت کے اِعتبار سے حِکمت کی صُورت تو ہے مگر جِسمانی خواہِشوں کے روکنے میں اِن سے کُچھ فائِدہ نہیں ہوتا۔"

Bible Helps A to C

بائبل مدد کرتی ہے   اے سے سی

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Afraid

# ڈرنا یا خوف کھانا

1-John 4:18 "There is no fear in love, but perfect love cast out fear. "

۱۔یوحنا 4 : 18 " محبت میں خَوف نہیں ہوتا بلکہ کامِل مُحبّت خَوف کو دُور کر دیتی ہے کیونکہ خَوف سے عذاب ہوتا ہے اور کوئی خَوف کرنے والا مُحبّت میں کامِل نہیں ہُؤا۔

Philippians 4-6-7 " Be anxious for nothing, but in everything by prayer and supplication, with thanksgiving, let your requests be made known to God; 7 and the peace of God, which surpasses all understanding, will guard your hearts and minds through Christ Jesus.

فلپیوں 4 : 6 -7 " کِسی بات کی فِکر نہ کرو بلکہ ہر ایک بات میں تُمہاری درخواستیں دُعا اور مِنّت کے وسِیلہ سے شُکرگُذاری کے ساتھ خُدا کے سامنے پیش کی جائیں۔ تو خُدا کا اِطمِینان جو سمجھ سے بِالکُل باہر ہے تُمہارے دِلوں اور خیالوں کو مسِیح یِسُوع میں محفُوظ رکھّے گا۔

Psalm 27:3-4 "Though an army may encamp against me,My heart shall not fear; Though war may rise against me,In this I *will be* confident. One *thing* I have desired of the LORD, That will I seek: That I may dwell in the house of the LORD All the days of my life, To behold the [b]beauty of the LORD, nd to inquire in His temple.

زبور 27 : 3 -4 " خواہ میرے خلاف لشکر خیمہ زن ہو میرا دل نہیں ڈرے گا خواہ میرے مقابلہ میں جنگ برپا ہو تو میں خاطر جمع رہوں گا۔ میں نے خُداوند سے ایک درخواست کی ہے۔ میں اُ س کا طالب رہوں گا کہ میں عمر بھر خُداوند کے گھر میں رہوں تاکہ خُداوند کے جمال کو دیکھوں اور اُس کی ہیکل میں استفعار کیا کروں۔ "

Psalm 118: 6 "The LORD *is* on my side; I will not fear. What can man do to me?

زبور 118 : 6 " خُداوند میری طرف ہے میں نہیں ڈرنے کا ۔انسان میرا کیا کر سکتا ہے؟

Isaiah 41:10 "Fear thou not; for I am with you: be not dismayed; for I am thy God: I will strengthen you; yes, I will help you; yes, I will uphold you with the right hand of my righteousness.

یسعیاہ 41 : 10 "تُو مت ڈر کیونکہ مَیں تیرے ساتھ ہُوں۔ہِراسان نہ ہو کیونکہ مَیں تیرا خُدا ہُوںمَیں تُجھے زور بخشُوں گا۔ مَیں یقِیناً تیری مدد کرُوں گااور مَیں اپنی صداقت کے دہنے ہاتھ سے تُجھے سنبھالُوں گا۔"

Isaiah 41.13. For I the LORD thy God will hold thy right hand, saying unto you, Fear not; I will help you."

یسعیاہ 41 :13 " کیونکہ مَیں خُداوند تیرا خُداتیرا دہنا ہاتھ پکڑ کر کہُوں گا مت ڈر۔ مَیں تیری مدد کرُوں گا۔"
Matthew 14.27. But straightway Jesus said unto them, saying, Be of good cheer; it is I; be not afraid,"

متی 14 : 27 " یسوع نے فورا" اُن سےکہا خاطر جمع رکھو میں ہوں ، مت ڈر۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Anger

# غصُہ / ناراضگی

Luke 23.34 Then said Jesus, Father; forgive them; for they know not what they do.

لوقا 23 :34 " یِسُوعؔ نے کہا اَے باپ! اِن کو مُعاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں۔"

Mark 11. 25 And when ye stand praying, forgive, if ye have anything against any: that your Father also which is in heaven may forgive you your trespasses."

مرقس 11 : 25 "اور جب کبھی تُم کھڑے ہُوئے دُعا کرتے ہو اگر تُمہیں کِسی سے کُچھ شِکایت ہو تو اُسے مُعاف کرو تاکہ تُمہارا باپ بھی جو آسمان پر ہے تُمہارے گُناہ مُعاف کرے۔"

Proverbs 15: 1 "A gentle answer turns away wrath: but grievous words stir up anger. "

امثال 15 : 1 "" نرم جواب قہر کو دُور کر دیتا ہے پر کرخت باتیں غضب انگیز ہیں۔ ""

Proverbs 16.32 "He that is slow to anger is better than the mighty.''

امثال 16 : 32 " جو قہر کرنے میں دھیما ہے پہلوان سے بہتر ہے اور وہ جو اپنی رُوح پر ضابط ہے اُس سے جو شہر کو لے لیتا ہے۔"

Proverbs 19:11 "The discretion of a man defers his anger; and it is his glory to pass over a wrongdoing."

امثال 19: 11 " آدمی کی تمیز اُس کو قہر کرنے میں دھیما بناتی ہے اور خطا سے در گزر کرنے میں اُس کی شان ہے۔"

Ephesians 4.26 "Be ye angry, and sin not: let not the sun go down upon your wrath."

افسیوں 4 : 26 " غصہ تو کرو مگر گناہ نہ کرو ۔ سورج کے ڈوبنے تک تمہاری خفگی نہ رہے۔ "

Psalm 37: 8 "Cease from anger, and forsake wrath: fret not thyself in any wise to do evil."

زبور 37 :8 "قہر کرنےسے باز آ اور غضب کو چھوڑ دے۔بیزار نہ ہو۔ اِس سے بُرائی ہی نِکلتی ہے۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Anger with God

# خدا کے ساتھ ناراضگی

Jeremiah 31:3 “The LORD has appeared of old unto me, saying, Yes, I have loved you with an everlasting love: therefore, with loving-kindness have I drawn you.”

یرمیاہ 31: 13 " خُداوند قدِیم سے مُجھ پر ظاہِر ہُؤا اور کہا کہ مَیں نے تُجھ سے ابدی مُحبّت رکھّی اِسی لِئے مَیں نے اپنی شفقت تُجھ پر بڑھائی۔"

Lamentations 18-23 “And I said, My strength and my hope is perished from the LORD: Remembering my affliction and my misery, the wormwood, and the gall. My soul has them still in remembrance and is humbled in me. This I recall to my mind; therefore have I hope. It is of the LORD's mercies that we are not consumed, because his compassions fail not. They are new every morning: great is thy faithfulness.”

نوحہ 3 :18-23 " اور مَیں نے کہا مَیں ناتوان ہُؤا اور خُداوند سےمیری اُمّید جاتی رہی۔ میرے دُکھ کا خیال کر۔ میری مُصِیبت یعنی تلخی اورناگَدَونے کو یاد کر۔اِن باتوں کی یاد سے میری جان مُجھ مَیں بیتاب ہے۔ مَیں اِس پر سوچتا رہتا ہُوں۔ اِسی لِئے مَیں اُمّیدوار ہُوں۔ یہ خُداوند کی شفقت ہے کہ ہم فنا نہیں ہُوئے کیونکہ اُس کی رحمت لازوال ہے۔وہ ہر صُبح تازہ ہے۔ تیری وفاداری عظِیم ہے۔

Job 23: 10 “But he knows the way that I take: when he has tried me, I shall come forth as gold.”

ایوب 23 : 10 "لیکن وہ اُس راستہ کو جِس پر مَیں چلتا ہُوں جانتا ہے۔جب وہ مُجھے تالے گا تو مَیں سونے کی مانِند نِکل آؤں گا۔ "

Romans 2:4 “Or do you despise the riches of his goodness and forbearance and longsuffering; not knowing that the goodness of God leads you to repentance?”

رومیوں 2 :4 " یا تُو اُس کی مِہربانی اور تحمُّل اور صبر کی دَولت کو ناچِیز جانتا ہے اور نہیں سمجھتا کہ خُدا کی مِہربانی تُجھ کو تَوبہ کی طرف مائِل کرتی ہے؟"

Hebrews 12: 5 -7 "And you have forgotten the exhortation which speaks unto you as unto children, “My son, despise not thou the chastening of the Lord, nor faint when thou art rebuked of him!: For whom the Lord loveth he chastens, and scourges every son whom he receives. 7If

ye endure chastening, God deals with you as with sons; for what son is he whom the father chastens not.”

عبرانیوں 12 :5- 7 "اور تُم اُس نصِیحت کو بُھول گئے جو تُمہیں فرزندوں کی طرح کی جاتی ہے کہ اَے میرے بیٹے! خُداوند کی تنبِیہ کو ناچیز نہ جان اور جب وہ تُجھے ملامت کرے تو بے دِل نہ ہو۔ کیونکہ جِس سے خُداوند مُحبّت رکھتا ہے اُسے تنبِیہ بھی کرتا ہے اور جِس کو بیٹا بنا لیتا ہے اُس کے کوڑے بھی لگاتا ہے۔ تُم جو کُچھ دُکھ سہتے ہو وہ تُمہاری تربِیّت کے لِئے ہے۔ خُدا فرزند جان کر تُمہارے ساتھ سلُوک کرتا ہے۔ وہ کَون سا بیٹا ہے جِسے باپ تنبِیہ نہیں کرتا؟

Hebrews 12: 3 “For consider him that endured such contradiction of sinners against himself, lest ye be wearied and faint in your minds.”

عبرانیوں 12 :3 " پس اُس پر غَور کرو جِس نے اپنے حق میں بُرائی کرنے والے گُنہگاروں کی اِس قدر مُخالِفت کی برداشت کی تاکہ تُم بے دِل ہو کر ہِمّت نہ ہارو۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Alcohol Addiction

# شراب نوشی کا عادی

John 8. 32 and 36 :And you shall know the truth, and the truth shall make you free. If the Son therefore shall make you free, you shall be free indeed.

یو حنا 8 : 32 – 36 "پھر تم سچائی کو جان لو گے اور سچائی تم کو آزاد کر دے گی۔“ اِس لئے اگر فرزند تم کو آزاد کرے تو تم حقیقتاً آزاد ہو گے۔

Matthew 8. 2 and 3 And, behold, there came a (leper) and worshipped him, saying, Lord, if thou wilt, you can make me clean. And Jesus put forth his hand, and touched him, saying, I will; be you clean. And immediately his (leprosy) was cleansed.

متی 8 : 2 -3 " اور دیکھو ایک کوڑی نے پاس آ کر اُسے سجدہ کیا اور کہا اے خداُوند اگر توُ چاہے تو مجھے پاک صاف کر سکتا ہے۔ اُس نے ہاتھ بڑھا کر اُسے چھوُا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تو پاک صاف ہو جا ۔وہ فورا کوڑھ سے پاک صاف ہو گیا۔ "

Matthew 9.21 and 22 For she said within herself, If I may but touch his garment, I shall be whole. But Jesus turned him about, and when he saw her, he said, Daughter, be of good comfort; your faith hath made thee whole. And the woman was made whole from that hour.

متی 9 : 21 – 22 "" کیونکہ وہ اپنے جی میں کہتی تھی کہ اگر صرف اُس کی پوشاک ہی چھُو لوں گی تو اچھی ہو جاوں گی۔ یسوع نے پھر کر اُسے دیکھا اور کہا بیٹی خاطر جمع رکھ تیرے ایمان نے تجھے اچھا کر دیا پس وہ عورت اُسی دم اچھی ہو گئی ۔ "

1 Corinthians 6.12 All things are lawful unto me, but all things are not expedient: all things are lawful for me, but I will not be brought under the power of any.

1 – کرنتھیوں 6 : 12 " سب چیزیں میرےلئے روا تو ہیں مگر سب مفید نہیں ہیں۔سب چیزیں میرے لئے روا تو ہیں لیکن میں کسی چیز کا پانبد نہیں ہوں۔ "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Away from Family

# خاندان سے دور

Psalm 121. I lift up my eyes to the mountain where does my help come from? My help comes from the LORD, THE Maker of heaven and earth. He will not let your foot slipe who watches over you will not slumber; indeed, he who watches over Israel will neither slumber nor sleep. The LORD watches over you the LORD is your shade at your right hand; the sun will not harm you by day nor the moon by night. The LORD will keep you from all harm he will watch over your life the LORD will watch over your coming and going both now and forevermore.

زبور 121 " ۔ مِیں اپنی آنکھیں پہاڑوں کی طرف اُٹھاوں گا میری کمک کہاں سے آئے گی ۔میری کمک خداوند سے ہے جس نے آسمان اور زمین کو بنایا۔ وہ تیرے پاوں کو پھسلنے نہ دے گا تیرا محافظ اونگھنے کا نہیں دیکھ اسرائیل کا محافظ نہ اُونگھے گا نہ سوئے گا ۔خداُوند تیرا محافظ ہے خداُوند تیرے دہنے ہا تھ پر تیرا سائبان ہے نہ آفتاب دن کو تجھے ذرر پہنچائے گا نہ مہتاب رات کو ۔خداُ وند ہر بلا سے تجھے محفوظ رکھے گا ۔خداُوند تیری آمد و رفت میں اب سے ہمیشہ تک تیری حفاظت کرے گا۔ "

Psalm 61. 1 and 2 Hear my cry, O God; attend unto my prayer. From the end of the earth will I cry unto thee, when my heart is overwhelmed: lead me to the rock that is higher than I.

زبور 61 : 1-2 " اے خداوند میری فریاد سنُ؛ میری دُعا پر توجہ کر ، میں اپنی افسردہ دلی میں زمین کی انتہا سے تجھے پکاروں گا۔ توُ مجھے اُس چٹان پر لے چل جو مجھ سے اونچی ہے۔ "

Matthew 19.14 But Jesus said, Suffer little children, and forbid them not, to come unto me: for of such is the kingdom of heaven.

متی 19 : 14 " لیکن یسوع نے کہا بچوں کو میرے پاس آنے دو اور اُنہیں منع نہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی ایسوں ہی کی ہے۔"

Psalm 91. 7 -9 to 11 A thousand shall fall at thy side, and ten thousand at thy right hand; but it shall not come nigh you. Because you have made the LORD, which is my refuge, even the most High, your habitation; there shall no evil befall you, neither shall any plague come nigh your dwelling. For he shall give his angels charge over you to keep you in all thy ways.

زبور 91 : 7 – 11 " تیرے آس پاس ایک ہزار گر جائیں گے اور تیرے دہنے ہاتھ کی طر ف دس ہزار لیکن وہ تیرے نزدیک نہ آئے گی۔ لیکن توُ اپنی آنکھو ں سے نگاہ کرے گا اور شریروں کے انجام کو دیکھے گا۔ پر توُ اے خداوند میری پناہ ہے توُ نے حق تعالی کو اپنا مسکن بنا لیا ہے ۔تجھ پر کوئی آفت نہ آئے گی اور کوئی وبا تیرے خیمہ کے نزدیک نہ پہنچے گی ۔کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Being Bullied

# تنگ کیا جا رہا

2 Corinthians 1 3-5 Blessed be God, even the Father of our Lord Jesus Christ, the Father of mercies, and the God of all comfort; Who comforts us in all our tribulation, that we may be able to comfort them which are in any trouble, by the comfort herewith we ourselves are comforted of God. For as the sufferings of Christ abound in us, so our consolation also abounds by Christ

2 – کرنتھیوں 1 : 3-5 " ہمارے خداُوند یسوع مسیح کے خداُ اور باپ کی حمد ہو جو رحمتوں کا باپ اور ہر طرح کی تسلی کا خداُ ہے ۔وہ ہماری سب مصیبتوں میں ہم کو تسلی کے سبب سے جو خداُ ہمیں بخشتا ہے اُن کو بھی تسلی دے سکیں جو کسی طرح کی مصیبت میں ہیں۔ کیونکہ جس طرح مسیح کے دُکھ ہم کو زیادہ پہنچتے ہیں اُسی طرح ہماری تسلی بھی مسیح کے وسلیہ سے زیادہ ہوتی ہے۔ "

Psalm 121. I lift up my eyes to the mountain where does my help come from? My help comes from the LORD, THE Maker of heaven and earth. He will not let your foot slipe who watches over you will not slumber; indeed, he who watches over Israel will neither slumber nor sleep.

The LORD watches over you the LORD is your shade at your right hand; the sun will not harm you by day nor the moon by night. The LORD will keep you from all harm he will watch over your life the LORD will watch over your coming and going both now and forevermore.

زبور 121 " - مِیں اپنی آنکھیں پہاڑوں کی طرف اُٹھاوں گا میری کمک کہاں سے آئے گی ۔میری کمک خداوند سے ہے جس نے آسمان اور زمین کو بنایا۔ وہ تیرے پاوں کو پھسلنے نہ دے گا تیرا محافظ اونگھنے کا نہیں دیکھ اسرائیل کا محافظ نہ اُونگھے گا نہ سوئے گا ۔خداُوند تیرا محافظ ہے خداُوند تیرے دہنے ہا تھ پر تیرا سائبان ہے نہ آفتاب دن کو تجھے ذرر پہنچائے گا نہ مہتاب رات کو ۔خداُ وند ہر بلا سے تجھے محفوظ رکھے گا ۔خداُوند تیری آمد و رفت میں اب سے ہمیشہ تک تیری حفاظت کرے گا۔ "

Psalm 61. 1 and 2 Hear my cry, O God; attend unto my prayer. From the end of the earth will I cry unto thee, when my heart is overwhelmed: lead me to the rock that is higher than I.

زبور 61 : 1-2 " اے خداُوند میری فریاد سنُ؛ میری دُعا پر توجہ کر ، میں اپنی افسردہ دلی میں زمین کی انتہا سے تجھے پکاروں گا۔ توُ مجھے اُس چٹان پر لے چل جو مجھ سے اونچی ہے۔ "

Matthew 19.14 But Jesus said, Suffer little children, and forbid them not, to come unto me: for of such is the kingdom of heaven.

متی 19 : 14 " لیکن یسوع نے کہا بچوں کو میرے پاس آنے دو اور اُنہیں منع نہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی ایسوں ہی کی ہے۔"

Psalm 91. 7 9 to 11 A thousand shall fall at thy side, and ten thousand at thy right hand; but it shall not come nigh thee. Because thou hast made the LORD, which is my refuge, even the most High, thy habitation; There shall no evil befall thee, neither shall any plague come nigh thy dwelling. For he shall give his angels charge over thee, to keep thee in all thy ways.

زبور 91 : 7 – 11 " تیرے آس پاس ایک ہزار گر جائیں گے اور تیرے دہنے ہاتھ کی طر ف دس ہزار لیکن وہ تیرے نزدیک نہ آئے گی۔ لیکن توُ اپنی آنکھو ں سے نگاہ کرے گا اور شریروں کے انجام کو دیکھے گا۔ پر توُ اے خداوند میری پناہ ہے توُ نے حق تعالی کو اپنا مسکن بنا لیا ہے ۔تجھ پر کوئی آفت نہ آئے گی اور کوئی وبا تیرے خیمہ کے نزدیک نہ پہنچے گی ۔کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Betrayed

# دھوکہ دینا

Luke 21.16 And ye shall be betrayed both by parents, and brethren, and kinfolks, and friends; and some of you shall they cause to be put to death one another.

لوقا 21 : 16 " اور تمہیں ماں باپ اور بھائی اور رشتہ دار اور دوست بھی پکڑوائیں گے بلکہ وہ تمُ میں سے بعض کو مروا ڈالیں گے۔ "

Romans 8. 34 and 35 For I am persuaded, that neither death, nor life, nor angels, nor principalities, nor powers, nor things present, nor things to come, n or height, nor depth, nor any other creature, shall be able to separate us from the love of God, which is in Christ Jesus our Lord.

رومیوں 8 : 34 -35 " کون ہے جو مجرم ٹھہرائے گا؟ مسیح یسوع وہ ہے جو مر گیا بلکہ مرُدوں میں سے جی بھی اُٹھا اور خداُ کی دہنی طرف ہے اور ہماری شفاعت بھی کرتا ہے۔ کون ہم کو مسیح کی محبت سے جداُ کرے گامصیبت یا تنگی یا ظلم یا کال یا ننگا پن یا خطرہ یا تلوار ؟۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Beyond Caring

# دیکھ بھال سے آگے

Psalm 42. 5 Why art thou cast down, O my soul? and why art thou disquieted in me? hope thou in God: for I shall yet praise him for the help of his countenance.

زبور 42 : 5 " اے میری جان ١ توُ کیوں گری جاتی ہے؟ تو اندر ہی اندر کیوں بے چین ہے ؟ خداُ سے اُمید رکھ کیونکہ اُس کے نجات بخش دیدار کی خاطر میں پھر اُس کی ستائش کروں گا۔"

Psalm 43.5 Why art thou cast down, O my soul? and why art thou disquieted within me? hope in God: for I shall yet praise him, who is the health of my countenance, and my God.

زبور 43 : 5 " اے میری جان ١ تُو کیوں گری جاتی ہے ؟ تو اندر ہی اندر کیوں بے چین ہے ؟ خداُ سے اُمید رکھ کیونکہ وہ میرے چہرے کی رونق اور میرا خداُ ہے۔ میں پھر اُس کی ستائش کروں گا۔

1 Peter 5.7 Casting all your care upon him; for he careth for you.
1 –پطرس 5 :7 " اور اپنی ساری فکر اُس پر ڈال دو کیونکہ اُس کو تمہاری فکر ہے-".

Luke 19.10 For the Son of man is come to seek and to save that which was lost
لوقا 19 :10 " کیونکہ ابن آدم کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا ہے- "

Luke 15.4-6 What man of you, having an hundred sheep, if he lose one of them, does not leave the ninety and nine in the wilderness, and go after that which is lost, until he find it? And when he hath found it, he lays it on his shoulders, rejoicing. And when he comes home, he calls together his friends and neighbours, saying unto them, Rejoice with me; for I have found my sheep which was lost.

لوقا 15 :4-5 " تُم میں کون ایسا آدمی ہے جس کے پاس سو بھیڑیں ہوں اور اُن میں سے ایک کھو جائے تو ننانوے کو بیابان میں چھوڑ کر اُس کھوئی ہوئی کو جب تک مل نہ جائے ڈھونڈتا نہ رہے- پھر جب مل جاتی ہے تو وہ خوش ہو کر اُسے کندھے پر اُٹھا لیتا ہے- اور گھر پہنچ کر دوستوں اور پڑوسیوں کو بلاتا اور کہتا ہے میرے ساتھ خوشی کرو- کیونکہ میری کھوئی ہوئی بھیڑ مل گئی- "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Bitterness

# تلخی

1 Samuel 1: 9-11 15-16 So Hannah rose up after they had eaten in Shiloh, and after they had drunk. Now Eli the priest sat upon a seat by a post of the temple of the LORD. And she was in bitterness of soul, and prayed unto the LORD, and wept sore. And she vowed a vow, and said, O LORD of hosts,

And Hannah answered and said, No, my lord, I am a woman of a sorrowful spirit: I have drunk neither wine nor strong drink but have poured out my soul before the LORD. Count not thine handmaid for a daughter of Belial: for out of the abundance of my complaint and grief have I spoken hitherto. Then Eli answered and said, Go in peace: and the God of Israel grant thee thy petition that thou hast asked of him.

1 سیموئیل 1 : 9 -11 ، 15 -16 " اور جب وہ سیلا میں کھا پی چُکے تو حنہ اُٹھی ۔ اُس وقت عیلی کاہن خداُوند کی ہیکل کو چوکھٹ کے پاس کرُسی پر بیٹھا تھا- اور وہ نہایت دل گیر تھی- سو وہ خداُوند سے دُعا کرنے اور زار زار رونے لگی- اور اُس نے منت مانی اور کہا اے رب الافواج ۔

اور حنہ نے جواب دیا نہیں اے میرے مالک نہیں میں تو غمگین عورت ہوں- میں نے نہ تو مے نہ کوئی نشہ پیا پر خداوند کے آگے اپنا دل اُنڈیلا ہے ۔ تُو اپنی لونڈی کو خبیث عورت نہ سمجھ ۔ میں تو اپنی فکروں اور دُکھوں کے ہجوم کے باعث اب تک بولتی رہی- "

Hebrews 12 14 and 15 Follow peace with all men, and holiness, without which no man shall see the Lord:  Looking diligently lest any man fail of the grace of God; in case any root of bitterness springing up trouble you, and thereby many be defiled.

عبرانیوں 12 :14 -15 " سب کے ساتھ میل ملاپ رکھنے اور اُس پاکیزگی کے طالب رہو جس کے بغیر کوئی خداوند کو نہ دیکھے گا۔ غور سے دیکھتے رہو کہ کوئی شخص خداُ کے فضل سے محروم نہ رہ جائے ۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی کڑوی جڑ پھوٹ کر تمہیں دُکھ دے اور اُس کے سبب سے اکثر لوگ ناپاک ہو جائیں۔ "

Romans 5.5 And hope makes not ashamed; because the love of God is shed abroad in our hearts by the Holy Ghost which is given unto us.

رومیوں 5 : 5 " اور اُمید سے شرمندگی حاصل نہیں ہوتی کیونکہ روح القدس جو ہم کو بخشا گیا ہے اُس کے وسیلہ سے خداُ کی محبت ہمارے دلوں میں ڈالی گئی ہے۔ "

Psalm 64.3 Who whet their tongue like a sword, and bend their bows to shoot their arrows, even bitter words:

زبور 64 : 3 " جنہوں نے اپنی زبان تلوار کی طرح تیز کی اور تلخ باتوں کے تیروں کا نشانہ لیا ہے ۔""

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Body: My Body

# جسم: میرا جسم

I Timothy 4. 8 For bodily exercise profits for a little time: but godliness is profitable unto all things, having promise of the life that now is, and of that which is to come.

1 ۔ تیمتھیس 4 : 8 " کیونکہ جسمانی ریاضت کا فائدہ کم ہے لیکن دین داری سب باتوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس لئے کہ اب کی اور آیندہ کی زندگی کا وعدہ بھی اسی کے لیے ہے۔ "

I Corinthians 9.27 But I keep under my body control, and bring it into subjection: lest that by any means, when I have preached I might be castaway

1 ۔ کرنتھیوں 9 : 27 " بلکہ میں اپنے بدن کو مارتا کوٹتا اور اُسے قابو میں رکھتا ہوں ایسا نہ ہو کہ اوروں میں منادی کر کے آپ نا مقبول ٹھہروں۔"

1 Peter 2.11 Dearly beloved, I beseech you as strangers and pilgrims, abstain from fleshly lusts, which war against the soul.

1 ۔ پطرس 2 : 11 " اے پیارو میں تمہاری منت کرتا ہوں کہ تُم اپنے آپ کو پردیسی اور مسافر جان کر اُن جسمانی خواہشوں سے پرہیز کرو جو رُوح سے لڑائی رکھتی ہیں۔ "

Galatians 5. 22 But the fruit of the Spirit is love, joy, peace, longsuffering, gentleness, goodness, faith,

گلتیوں 5 : 22 " مگر روح کا پھل محبت ، خوشی ، اطیمنان ۔ تحمل ۔ مہربانی ۔ نیکی ۔ ایمانداری ۔ "

Psalm 103 1-3 Bless the Lord, O my soul: and all that is within me, bless his holy name. Bless the Lord, O my soul, and forget not all his benefits: Who forgives all your sins, who heal all thy diseases.

زبور 103 : 1 – 3 " اے میری جان خداوند کو مبارک کہہ اور جو کچھ میں ہے اُس کے قدوس نام کو مبارک کہے۔ اے میری جان خداوند کو مبارک کہہ اور اُس کی کسی نعمت کو فراموش نہ کر۔ وہ تیری ساری بدکاری کو بخشتا ہے ۔ وہ تجھے تمام بیماریوں سے شفا دیتا ہے۔

Exodus 23.25 And you shall serve the LORD your God, and he shall bless your bread, and your water; and I will take sickness away from the midst of you.

خروج 23 : 25 " اور تُم خداوند اپنے خداُ کی عبادت کرنا تب وہ تیری روٹی اور پانی پر برکت دے گا اور میں تیرے بیچ سے بیماری کو دُور کر دوں گا۔ "

1 Corinthians 15 51-54 Behold, I shew you a mystery; We shall not all sleep, but we shall all be changed, In a moment, in the twinkling of an eye, at the last trump: for the trumpet shall sound, and the dead shall be raised incorruptible, and we shall be changed. For this corruptible must put on incorruption, and this mortal must put on immortality. So, when this corruptible shall have put on incorruption, and this mortal shall have put on immortality, then shall be brought to pass the saying that is written, Death is swallowed up in victory.

1 ۔کرنتھیوں 15 : 51 -54 " دیکھو میں تُم سے بھید کی بات کہتا ہوں ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے ۔ اور یہ ایک دم میں ۔ایک پل میں پچھلا نرسنگا پھونکتے ہی ہو گا ۔ کیونکہ نرسنگا پھونکا جائے گا اور مُردے غیر فانی حالت میں جی اُٹھینگے اور ہم بدل جائیں گے۔ کیونکہ ضرور ہے کہ یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مرنے والا جسم حیات ابدی کا جامہ پہنے ۔ اور جب یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہن چُکیگا اور یہ مرنے والا جسم حیات ابدی کا جامہ پہن چکیگا تو وہ قول پورا ہوگا جو لکھا ہے کہ موت فتح کا لقمہ ہو گئی۔ "

Romans 12.1. I beseech you therefore brethren that you -present your bodies as a living sacrifice, Holy acceptable to God which is your reasonable service

رومیوں 12 : 1 " پس اے بھائیو میں خداُ کی رحمتیں یاد دلا کر تُم سے التماس کرتا ہوں کہ اپنے بدن ایسی قربانی ہونے کے لیے نذر کرو جو زندہ اور پاک اور خداُ کو پسندیدہ ہے یہی تمہاری معقول عبادت ہے۔ "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Broken-hearted

# ٹوٹے دل سے

Isaiah 61.1-2 The Spirit of the Lord GOD is upon me; because the LORD hath anointed me to preach good tidings unto the meek; he hath sent me to bind up the brokenhearted, to proclaim liberty to the captives, and the opening of the prison to them that are bound; To proclaim the acceptable year of the LORD, and the day of vengeance of our God; to comfort all that mourn.

یسعیاہ 61 : 1 _ 2 " کیونکہ خداوند خداُ کی روح مجھ پر ہے کیونکہ اُس نے مجھے مسح کیا تاکہ حلیموں کو خوشخبری سُناوں ۔اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ شکستہ دلوں کو تسلی دُوں ۔قیدیوں کے لیے رہائی اور اسیروں کے لیے آزادی کا اعلان کروں ۔تاکہ خداوند کے سال مقبول کا اور اپنے خداُ کے انتقام کے روز کا اشتہار دوں اور سب غمگینوں کا دلاسا دوں۔ "

2 Corinthians 1. 2-5 Blessed be God, even the Father of our Lord Jesus Christ, the Father of mercies, and the God of all comfort. Who comforts us in all our tribulation, that we may be able to comfort them which are in any trouble, by the comfort wherewith we ourselves are comforted of God. For as the sufferings of Christ abound in us, so our consolation also abounds by Christ

2 ۔کرنتھیوں 1 : 2-5 " ہمارے باپ خداُ اور خداوند یسوع مسیح کی طرف سے تمہیں فضل اور اطمینان حاصل ہوتا رہے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے خدا اور باپ کی حمد ہو جو رحمتوں کا باپ اور ہر طرح کی تسلی کا خداُ ہے۔ وہ ہماری سب مصیبتوں میں ہم کو تسلی دیتا ہے تاکہ ہم اُس تسلی کے سبب سے جو خداُ ہمیں بخشتا ہے اُن کو بھی تسلی دے سکیں جو کسی طرح کی مصیبت میں ہیں۔ "

Luke 24 13-17 and 25-32 And, behold, two of them went that same day to a village called Emmaus, which was from Jerusalem about threescore furlongs. And they talked together of all these things which had happened. And it came to pass, that, while they communed together and reasoned, Jesus himself drew near, and went with them. But their eyes were holden that they should not know him. And he said unto them, What manner of communications are these that ye have one to another, as ye walk, and are sad?......... Then he said unto them, O fools, and slow of heart to believe all that the prophets have spoken: Ought not Christ to have suffered these things, and to enter into his glory? And beginning at Moses and all the prophets, he expounded unto them in all the scriptures the things concerning himself. And they drew nigh unto the village, where they went: and he made as though he would have gone further. But they constrained him, saying, Abide with us: for it is toward evening, and the day is far spent. And he went in to tarry with them. And it came to pass, as he sat at meat with them, he took bread, and blessed it, and brake, and gave to them. And their eyes were opened, and they knew him; and he vanished out of their sight. And they said one to another, Did not our heart burn within us, while he talked with us by the way, and while he opened to us the scriptures?

لوقا : 24 : 13 -17 اور 25 -32 " اور دیکھو اُسی دن اُن میں سے دو آدمی اُس گاوں کی طرف جا رہے تھے جس کا نام اماوس ہے۔وہ یروشلیم سے سات میل کے فاصلے پر ہے ۔اور وہ ان سب باتوں کی بابت جو واقع ہوئیں تھیں بات چیت کرتے جاتے تھے۔ جب وہ بات چیت اور پوچھ پاچھ کر رہے تھے تو ایسا ہوا کہ یسوع آپ نزدیک آکر ساتھ ہو لیا۔ لیکن اُن کی آنکھیں بند کیں گئیں تھیں کہ اُس کو نہ پہچانیں ۔ اُس نے اُن سے کہا کیا باتیں ہیں جو تُم چلتے چلتے آپس میں کرتے ہو؟وہ غمگین کھڑے ہو گئے ۔ "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Being Persecution

# ستایاجانا

Matthew 5 10-11 Blessed are they which are persecuted for righteousness' sake: for theirs is the kingdom of heaven. Blessed are you , when men shall revile you, and persecute you, and shall say all manner of evil against you falsely, for my sake.

متی 5 : 10 – 11 " مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے کے سبب سے ستائے گئے ہیں کیونکہ آسمان کی بادشاہی اُن ہی کی ہے۔ جب میرے سبب سے لوگ تُم کو لعن طعن کریں گے اور ستائیں گے اور ہر طرح کی برُی باتیں تمہاری نسبت ناحق کہیں گے تو تُمُ مبارک ہو گے۔ "

Psalm 7.1 O Lord my God, in thee do I put my trust: save me from all them that persecute me, and deliver me م

زبور 7 : 1 " اے خداوند میرے خداُ میرا توکل تجھ پر ہے سب پیچھا کرنے والوں سے مجھے بچا اور چھڑا ۔ "

Matthew 5.44 But I say unto you, Love your enemies, bless them that curse you, do good to them that hate you, and pray for them which despitef ully use you, and persecute you.

متی 5 : 44 " لیکن میں تمُ سے یہ کہتا ہوں کہ اپنے دُشمنوں سے محبت رکھو اور اپنے ستانے والوں کے لیے دُعا کرو۔ "

John 15.20 Remember the word that I said unto you, The servant is not greater than his lord. If they have persecuted me, they will also persecute you; if they have kept my saying, they will keep yours also.

یوحنا 15 : 20 " جو بات میں نے تمُ سے کہی تھی بلکہ میں نے تمُ کو دُنیا میں سے چنُ لیا ہے اس واسطے دُنیا تمُ سے عداوت رکھتی ہے۔

2 Corinthians 4 5-11 For we preach not ourselves, but Christ Jesus the Lord; and ourselves your servants for Jesus' sake. For God, who commanded the light to shine out of darkness, hath shined in our hearts, to give the light of the knowledge of the glory of God in the fa ce of Jesus Christ. But we have this treasure in earthen vessels, that the excellency of the power may be of God, and not of us. We are troubled on every side, yet not distressed; we are perplexed, but not in despair; Persecuted , but not forsaken; cast dow n, but not destroyed; Always bearing about in the body the dying of the Lord Jesus, that the life also of Jesus might be made manifest in our body. For

we which live are always delivered unto death for Jesus' sake, that the life also of Jesus might be made manifest in our mortal flesh.

2 ۔کرنتھیوں 4 : 5 – 11 " کیونکہ ہم اپنی نہیں بلکہ مسیح یسوع کی منادی کرتے ہیں کہ وہ خداوند ہے اور اپنے حق میں یہ کہتے ہیں کہ یسوع کی خاطر تمہارے غلام ہیں ۔ اس لئے کہ خداُ ہی ہے جس نے فرمایا کہ تاریکی میں نورُ چمکے اور وہی ہمارے دلوں میں چمکا تاکہ خدا کے جلال کی پہچان کا نورُ یسوع مسیح کے چہرے سے جلوہ گر ہو۔ لیکن ہمارے پاس یہ خزانہ مٹی کے برتنوں میں رکھا ہے تاکہ یہ حد سے زیادہ قدرت ہماری طرف سے نہیں بلکہ خداُ کی طرف سے معلوم ہو۔ ہم ہر طرف سے مصیبت تو اُٹھاتے ہیں لیکن لاچار نہیں ہوتے ۔ حیران تو ہوتے ہیں مگر نا اُمید نہیں ہوتے۔ ستائے تو جاتے ہیں مگر اکیلے نہیں چھوڑے جاتے ۔ گرائے تو جاتے ہیں لیکن ہلاک نہیں ہوتے۔ ہم ہر وقت اپنے بدن میں یسوع کی موت لئے پھرتے ہیں تاکہ یسوع کی زندگی بھی ہمارے بدن میں ظاہر ہو۔ کیونکہ ہم جیتے جی یسوع کی خاطر ہمیشہ موت کے حوالہ کئے جاتے ہیں تاکہ یسوع کی زندگی بھی ہمارے فانی جسم میں ظاہر ہو۔

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Broken relationships

# ٹوٹے ہوئے رشتے

James 5. 16 Confess your faults one to another, and pray one for another, that ye may be healed. The effectual fervent prayer of a righteous man avails much.

یعقوب : 5 : 16 " پس تمُ آپس میں ایک دوسرے سے اپنے اپنے گناہوں کا اقرار کرو اور ایک دوسرے کے لیے دُعا کرو تاکہ شفا پاوُ۔"

2 Corinthians 1 3-4 Blessed be God, even the Father of our Lord Jesus Christ, the Father of mercies, and the God of all comfort, Who comforts us in all our trials, Who comforteth us in all our tribulation, that we may be able to comfort them which are in any trouble, by the comfort wherewith we ourselves are comforted of God.

2 – کرنتھیوں 1 : 3 -4 " ہمارے باپ خداُ اور خداوند یسوع مسیح کی طرف سے تمہیں فضل اور اطمینان حاصل ہوتا رہے۔ ہمارے خداوند یسوع مسیح کے خداُ اور باپ کی حمد ہو جو رحمتوں کا باپ اور ہر طرح کی تسلی کا خداُ ہے۔ "

1Peter 5.7 Casting all your care upon him; for he cares for you

1 - پطرس 5 : 7 " اور اپنی ساری فکر اُسی پر ڈال دو کیونکہ اُس کو تمہاری فکر ہے۔ "

Psalm 23 1, 3 4 The Lord is my shepherd; I shall not want…… He restoreth my soul: he leadeth me in the paths of righteousness for his name's sake. Yea, yough I walk through the valley of the shadow of death, I will fear no evil: for you art with me; thy rod and thy staff they comfort me. You preparest a table before me in the presence of mine enemies:

زبور 23 : 1 - 4 " خداُ میرا چوپان ہے مجھے کمی نہ ہوگی۔ وہ مجھے ہر ی ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے۔وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔ وہ میری جان کو بحال کرتا ہے ۔وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے ۔ بلکہ خواہ موت کے سایہ کی وادی میں سے میرا گزر ہو میں کسی بلا سے نہ ڈروں گا کیونکہ توُ میرے ساتھ ہے ۔ تیرے عصا اور تیری لاٹھی سے مجھے تسلی ہے ۔ تومیرے دُشمنوں کے روبرو میرے آگے دسترخوان بچھاتا ہے تو نے میرے سر پر تیل ملا ہے میرا پیالہ لبریز ہوتا ہے۔

Isaiah 53.3 He (Jesus) is despised and rejected of human beings, a man of sorrows,

یسعیاہ 53 : 3 " وہ آدمیوں میں حقیر و مردود ۔مرد غم ناک اور رنج کا آشنا تھا۔

Hebrews 4.15-16 For we have not an high priest which cannot be touched with the feeling of our infirmities; but was in all points tempted like as we are, yet without sin. Let us therefore come boldly unto the throne of grace, that we may obtain mercy, and find grace to help in time of need.

عبرانیوں 4 : 15 -16 " کیونکہ ہمارا ایسا سردار کاہن نہیں جو ہماری کمزوریوں میں ہمارا ہمدرد نہ ہو سکے بلکہ وہ سب باتوں میں ہامری طرح آزمایا گیا تو بھی بے گناہ رہا۔ پس آوُ ہم فضل کے تخت کے پاس دلیری سے چلیں تاکہ ہم پر رحم ہو اور وہ فضل حاصل کریں جو ضرورت کے وقت ہماری مدد کرے۔ "

Isaiah 61.3 To appoint unto them that mourn in Zion, to give unto them beauty for ashes, the oil of joy for mourning, the garment of praise for the spirit of heaviness.

یسعیاہ 61 : 3 " صیون کے فرزندوں کے لیے یہ مقرر کر دوں کہ اُن کو دُکھ کے بدلے سوا اور ماتم کی جگہ خوشی کا روغن اور اُداسی کے بدلے ستائش کا خلعت بخشوں۔

Proverbs 3 5-6 Trust in the Lord with all your heart; and lean not unto your own understanding. In all thy ways acknowledge him, and he shall direct thy paths.

امثال 3 : 5 - 6 " سارے دل سے خداُوند پر توکل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اُس کو پہچان اور وہ تیری راہنمائی کر ے گا۔ "

Psalm 37 3-5 Trust in the Lord and do good; so shalt you dwell in the land, and verily you shalt be fed. Delight yourself also in the Lord: and he shall give you the desires of your heart. Commit thy way unto the Lord; trust also in him; and he shall bring it to pass

زبور 37 : 3 -5 " خداُوند پر توکل کر اور نیکی کر ۔ملک میں آباد رہ اور اُسکی وفاداری سے پرورش پا۔ خداُوند میں مسرور رہ اور وہ تیرے دل کی مُرادیں پوری کرے گا۔ اپنی راہ خداُ پر چھوڑ دے اور اُس پر توکل کر وہی سب کچھ کرے گا۔ "

Ephesians 4.32 And be you kind one to another, tender hearted, forgiving one another, even as God for Christ's sake has forgiven you.

افسیوں 4 : 32 " اور ایک دوسرے پر مہربان اور نرم دل ہو اور جس طرح خداُ نے مسیح میں تمہارے قصور معاف کئے ہیں تُم بھی ایک دوسرے کے قصور معاف کرو۔ "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Business in Trouble

# کاروبار میں پریشانی

Matthew 6.31, 33 and 34 Therefore, take no thought, saying, What shall we eat? or, What shall we drink? or, Wherewithal shall we be clothed? But seek ye first the kingdom of God, and his righteousness; and all these things shall be added unto you. Take therefore no thought for th e morrow: for the morrow shall take thought for the things of itself. Sufficient unto the day is the evil thereof.

متی 6 : 31 -34 " اس لیے فکر مند ہو کر یہ نہ کہو کہ ہم کیا کھائینگے یا کیا پیینگے یا کیا پہنیگے؟ کیونکہ ان سب چیزوں کی تلاش میں غیر قومیں رہتی ہیں اور تمہارا آسمانی باپ جانتا ہے کہ تمُ ان چیزوں کے محتاج ہو ۔ بلکہ تمُ پہلے اُس کی بادشاہی اور راستبازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں تم کو مل جائیں گی۔ پس کل کی فکر نہ کرو کیونکہ کل کا دن اپنے لیے آپ فکر کرے گا۔ آج کے لیے آج کا دُکھ کافی ہے۔ "

3 John. 2 I wish above all things that thou mayest prosper and be in health, even as thy soul prospers.

3 ۔ یوحنا 1 : 2 " اے پیارو ١ میں یہ دُعا کرتا ہوں کہ جس طرح توُ روحانی ترقی کر رہا ہے اُسی طرح توُ سب باتوں میں ترقی کرے اور تندرست رہے۔ "

Psalm 37, 23, 24, 25 delights in his way. The steps of a good man are ordered by the L ORD : and he Though he fall, he shall not be utterly cast down: for the L ORD upholds him with his hand. I have been young, and now am old; yet have I not seen the righteous forsaken, nor his seed begging br ead. Back to the Helps page

زبور 37 : 23 – 25 " انسان کی روشیں خداُوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے ۔اگر وہ گر بھی جائے تو پڑا نہ رہے گا ۔کیونکہ خداُوند اُسے اپنے ہاتھ سے سمبھالتا ہے ۔ میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہوں تو بھی میں صادق کو بیکس اور اُس کی اولاد کو ٹکڑے مانگتے نہیں دیکھا ۔"

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Can't Sleep

# سو نہیں سکتا

Psalm 127. 2 It is vain for you to rise up early, to sit up late, to eat the bread of sorrows: for so he giveth his beloved sleep.

زبور 127 : 2 " تمہارے لیے صبح سویرے اُٹھنا اور دیر میں آرام کرنا اور مشقت کی روٹی کھا نا عبث ہے۔ "

Psalm 3: 3-5 But you, O LORD, are a shield for me, my glory, and the lifter up of my head. I cried unto the LORD with my voice, and he heard me out of his holy hill. I laid me down and slept; I awaked; for the LORD sustained me.

زبور 3 : 3 -5 " لیکن توُ اے خداوند ہر طرف میری سپر ہے۔ میرا فخر اور سرفراز کرنے والا۔ میں بلند آواز سے خداُوند کے حضّور فریاد کرتا ہوں اور وہ اپنے کوہ مقدس پر سے مجھے جواب دیتا ہے ۔میں لیٹ کر سو گیا ۔میں جاگ اُٹھا کیونکہ خداُوند مجھے سنبھالتا ہے۔ "

1 -Peter 5. 7 Casting all your care upon him; for he cares for you

1 - پطرس 5 : 7 " اور اپنی ساری فکر اُسی پر ڈال دو کیونکہ اُس کو تمہاری فکر ہے۔ "

Philippians 4 6-8 Be anxious for nothing; but in everything by prayer and supplication with thanksgiving let your requests be made known unto God. And the peace of God, which passes all understanding, shall keep your hearts and minds through Christ Jesus. Finally, brethren, whatsoever things are true, whatsoever things are honest, whatsoever things are just, whatsoever things are pure, whatsoever things are lovely, whatsoever things are of good report; if there be any virtue, and if there be any praise, think on these things.

فلپیوں 4 : 6 - 8 " کسی بات کی فکر نہ کرو بلکہ ہر ایک بات میں تمہاری درخواستیں دُعا اور منت کے وسیلہ سے شکر گزاری کے ساتھ خداُ کے سامنے پیش کی جائیں ۔ تو خداُ کا اطمینان جو سمجھ سے بالکل باہر ہے تمہارے دلوں اور خیالوں کو مسیح یسوع میں محفوظ رکھے گا۔ غرض اے بھائیو۔ جتنی باتیں سچ ہیں اور جتنی باتیں شریعت کی ہیں اور جتنی باتیں واجب ہیں اور جتنی باتیں پاک ہیں اور جتنی باتیں پسندیدہ ہیں اور جتنی باتیں دلکش ہیں غرض جو نیکی اور تعریف کی باتیں ہیں اُن پر غور کیا کرو۔ "

Psalm 37. 1 3 4 and 5 Fret not yourself because of evildoers, neither be thou envious against the workers of wrongdoing ……..Trust in the LORD AND do good……..Delight thyself also in the LORD: and he shall give thee the desires of thine heart. Commit thy way unto the LORD; trust also in him; and he shall bring it to pass

زبور 37 : 1- 5 " توُ بدکرداروں کے سبب سے بے زار نہ ہو اور بدی کرنے والوں پر رشک نہ کر۔ کیونکہ وہ گھاس کی طرح جلد کاٹ ڈالے جائیں گے اور سبزہ کی طرح مرُجھا جائیں گے۔ خداُوند پر توکل کر اور نیکی کر۔ ملک میں آباد رہ اور اُس کی وفاداری سے پرورش پا۔ خداُوند میں مسرور رہ اور وہ تیرے دل کی مرادیں پوری کرے گا۔ اپنی راہ خداُوند پر چھوڑ دے اور اُس پر توکل کر ۔ وہی سب کچھ کرے گا۔ "

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Church is a Problem

# چرچ ایک مسئلہ ہے

Philippians 2 24 If there be therefore any consolation in Christ, if any comfort of love, if any fellowship of the Spirit, if any bowels and mercies, Fulfil ye my joy, that ye be likeminded, having the same love, being of one accord of one mind. Let nothing be done through strife or vainglory; but in lowliness of mind let each esteem other better than themselves. Look not every man on his own things, but every man also on the things of others

فلپیوں 2 : 1 – 5 " پس اگر کچھ تسلی مسیح میں اور محبت کی دل جمعی اور روھ کی شراکت اور رحم دلی و درد مندی ہے۔ تو میری یہ خوشی پوری کرو کہ یک دل رہو ۔ یکساں محبت رکھو۔ ایک جان ہو۔ ایک ہی خیال رکھو۔ تفرقے اور بے جا فخر کے باعث کچھ نہ کرو بلکہ فروتنی سے ایک دوسرے کو اپنے سے بہتر سمجھے ۔ ہر ایک اپنے ہی اعمال پر نہیں بلکہ ہر ایک دوسروں کے اعمال پر بھی نظر رکھے۔ ویسا ہی مزاج رکھو جیسا مسیح یسوع کا بھی تھا۔ اُس نے اگرچہ خداُ کی صورت پر تھا خدا کے برابر ہو نے کو قبضہ میں رکھنے کی چیز نہ سمجھا۔ "

Ephesians 4 1-3 I therefore, the prisoner of the Lord, beseech you that ye walk worthy of the vocation wherewith ye are called, longsuffering, forbearing one another in love; Spirit in the bond of peace

افسیوں 4 : 1 -3"پس میں جو خداوند میں قیدی ہوں تم سے التماس کرتا ہوں کہ جس بلاوے سے تم بلائے گئے ہو اُس کے لائق چال چلو۔ یعنی کمال فروتنی اور حلم کے ساتھ تحمل کر کے محبت سے ایک دوسرے کی برداشت کرو۔ اور اسی کوشش میں رہو کہ روح کی یگانگی صلح کے بند سے بندھی رہے۔ "

2 Corinthian s 6 14-18 Be ye not unequally yoked together with unbelievers: for what fellowship hath righteousness with unrighteousness? and what communion hath light with darkness? 15 hath he that And what concord hath Christ with Belial? or what part believeth with an infidel? 6 And what agreement hath the temple of God with idols? for ye are the temple of the living God; as God hath said, I will dwell in them, and walk in them; and I will be their God, and they shall be my people. Wherefore come out fr om among them, and be ye separate, saith the Lord, and touch not the unclean thing; and I will receive you. And will be a Father unto you, and ye shall be my sons and daughters, saith the Lord Almighty Back to the Helps page

revival UK

Bible Helps on line

آن لائن بائبل مدد کرتی ہے

# Crisis

# بحران

Psalm 4. 1 Answer me when I call to you, my righteous God. Give me relief from distress; have mercy on me and hear my prayer

زبور 4 : 1 " جب میں پکاروں تو مجھے جواب دے۔ اے میری صداقت کے خداُ۔ تنگی میں تو نے مجھےکشادگی بخشی ۔ مجھ پر رحم کر اور میری دُعا سنُ لے۔ "

Psalm 31.9 Be merciful to me, O ORD for I am in distress; my eyes grow weak with sorrow, my soul and body with, grief

زبور 31 : 9 " اے خداُوند مجھ پر رحم کر کیونکہ میں مصیبت میں ہوں۔ میری آنکھ بلکہ میری جان اور میرا جسم سب رنج کے مارے گھلے جاتے ہیں۔"

Psalm 86.7 When I am in distress, I call to you, because you answer me

زبور 86 : 7 ' میں اپنی مصیبت کے دن تجھ سے دُعا کروں گا ۔کیونکہ تو مجھے جواب دے گا۔ "

Hebrews 5.7 Who in the days of his flesh, when he had offered up prayers and supplications with strong crying and tears unto him that was able to save him from death and was heard in that he feared.

عبرانیوں 5 : 7 " اُس نے اپنی بشریعت کے دنوں میں زور زور سے پکار کر اور آ نسو بہا بہا کر
اُسی سے دُعائیں اور التجائیں کیں جو اُس کو موت سے بچا سکتا تھا اور خداُ ترسی کے سبب سے
اُس کی سُنی گئی۔ "

Acts 27.20-25 And when neither sun nor stars in many days appeared, and no small tempest lay on us, all hope that we should be saved was then taken away. after long abstinence Paul stood forth in the midst of them, and said, But Sirs, ye should have hearkened unto me, and not have loosed from Crete, and to have gained this harm and loss. And now I exhort you to be of good cheer: for there shall be no loss of any man's life among you, but of the ship. For there stood by me this nig ht the angel of God, whose I am, and whom I serve, Saying, Fear not, Paul; thou must be brought before Caesar: and, lo, God hath given thee all them that sail with thee. Wherefore, sirs, be of good cheer: for I believe God, that it shall be even as it was told me .

اعمال 27 : 20 - 25 " جب بہت دنوں تک نہ سورج نظر آیا نہ تارے اور شدت کی آندھی چل رہی
تھِی تو آخر ہم کو بچنے کی اُمید بالکل نہ رہی۔ اور جب بہت فاقہ کر چکے تو پولس نے اُن کے بیچ
میں کھڑے ہو کر کہا اے صاحبو۔ لازم تھا کہ تمُ میری بات مان کر کرینے سے روانہ ہوتے اور یہ
تکلیف اور نقصان نہ اُٹھاتے ۔ مگر اب میں تم کو نصیحت کر تا ہوں کہ خاطر جمع رکھو۔ کیونکہ تم
میں سے کسی کی جان کا نقصان نہ ہو گا مگر جہاز کا ۔ کیونکہ خداُ جس کا میں ہوں اور جس کی
عبادت بھی کرتا ہوں اُس کے فرشتہ نے اسی رات کو میرے پاس آکر ۔ کہا اے پولس نہ ڈر ۔ ضرور
ہے کہ تو قیصر کے سامنے حاظر ہو اور دیکھ جتنے لوگ تیرے ساتھ جہاز میں سوار ہیں اُس سب
کی خداُ نے تیری خاطر جان بخشی کی۔ اس لیے اے صاحبو خاطر جمع رکھو کیونکہ میں خدا کا یقین
کرتا ہوں کہ جیسا مجھ سے کہا گیا ہے ویسا ہی ہوگا۔ "

# تنقید

Proverbs 26. 22 The words of a talebearer are as wounds, and they go down into the innermost parts of the belly

امثال 26 : 22 " غیبت گو کی باتیں لزیذ نوالے ہیں اور وہ خوب ہضم ہو جاتی ہیں۔ "

Matthew 7. 1-3 “Do not judge, or you too will be judged. For in the same way you judge others, you will be judged, and with the measure you use, it will be measured to you. “Why do you look at the speck of sawdust in your brother’s eye and pay no attention to the plank in your own eye?

متی 7 : 1 - 3 " عیب جوئی نہ کرو کہ تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائے۔ کیونکہ جس طرح تم عیب جوئی کرتے ہو اُسی طرح تمہاری بھی عیب جوئی کی جائے گی اور جس پیمانہ سے تم ناپتے ہو اُسی سے تمہارے واسطے ناپا جائے گا۔ تو کیوں اپنے بھائی کی آ نکھ کے تنکے کو دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ کے شہتیر پر غور نہیں کرتا ؟ ۔"

Romans 14.10 But why dost thou judge thy brother? or why dost thou set at nought thy brother? for we shall all stand before the judgment seat of Christ.

رومیوں 14 : 10 " اگر تو اپنے بھائی پر کس لیے الزام لگاتا ہے؟ یا تو بھی کس لیے اپنے بھائی کو حقیر جانتا ہے؟ ہم تو سب خداُ کے تخت عدالت کے آ گے کھڑے ہوں گے۔"

Ephesians 4.29 Let no corrupt communication proceed out of your mouth, but that which is good to the use of edifying, that it may minister grace unto the hearers

افسیوں 4 : 29 " کوئی گندی بات تمہارے مُنہ سے نہ نکلے بلکہ وہی جو ضرورت کے موافق ترقی کے لیے اچھی ہو تاکہ اُس سے سُننے والوں پر فضل ہو۔ "

1 Corinthians 15.33 Be not deceived: evil communications corrupt good manners

1 - کرنتھیوں 15 : 33 " فریب نہ کھاو ُ برُی صحبتیں اچھی عادتوں کو بگاڑ دیتی ہیں۔ "

Romans 14.13 Let us not therefore judge one another any rather, that no man put a stumbling more: but judge this block or an occasion to fall in his brother's way.

رومیوں 14 : 13 " پس آیندہ کو ہم ایک دوسرے پر الزام نہ لگائیں بلکہ تم یہی ٹھان لو کہ کوئی اپنے بھائی کے سامنے وہ چیز نہ رکھے جو اُس کے ٹھوکر کھانے یا گرنے کا باعث ہو۔ "